علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: دعوت وارشاد (1911) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں "دعوت" کے لفظی اور اصطلاحی مفہوم میں کیابنیادی فرق پایاجاتاہے؟ (20)

سوال نمبر2۔ داعی کے ایمان کی مضبوطی دعوت کے اثرات کو کس طرح بڑھاتی ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ دعوت میں اصول ومنہج کے تعین کو کامیاب دعوت کا بنیادی سبب کیوں قرار دیاجاتاہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ انبیائے کرام علیہم السلام کے مقصدِ بعثت میں روحانی ضرورت کی تکمیل کو بنیادی حیثیت کیوں حاصل ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ وحیِ نخستین کے پس منظر میں نبی کریم ﷺ کی روحانی تیاری سے دعوتی حکمت کا کون سا پہلو نمایاں ہوتا ہے؟ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ دعوتِ نبوی میں **تدریج** کو بنیادی حکمتِ عملی بنانے کی کیا حکمت تھی؟ (20)

سوال نمبر2۔ مولانا محمد الیاسؒ کی ابتدائی تربیت کے دوران گنگوہ کے ماحول نے ان کی دعوتی سوچ پر کیا اثرات ڈالے؟ (20)

سوال نمبر3۔ مکالمہ کے لغوی مادہ **ک ل م** سے اس کی اصطلاحی معنویت پر کیا روشنی پڑتی ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ داعی کے لیے تقریر میں آیات، احادیث اور اقوالِ صحابہ سے استشہاد کی ضرورت کیوں بنیادی ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ تقریر میں وقفہ دینے سے سامعین کی فہم وتوجہ پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ (20)